# Key Book

**Class**: Three **Subject**: Urdu

---

**سبق نمبرا: حمد۔**

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| جلوے | نظارے | خالق | پیدا کرنے والا |
| رزاق | رزق دینے والا | بر | خشکی، زمین |
| غفور | معاف کرنے والا | ظلمتوں | اندھیروں، تاریکیوں |
| غمزدوں | مصیبت میں پھنسے ہوئے | کرم | مہربانی |

تفہیم

ا۔ان سوالات کے مختصر جوابات دیں:

الف۔ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں، قدرتوں اور صفات کو بیان کی جائے، اسے حمد کہتے ہیں۔

ب۔ ہمیشہ قائم رہنے والی ہستی اللہ تعالیٰ کی ہے۔۔

ج۔ ہمارا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔

د۔ رزاق سے مراد رزق دینے والا ہے۔

ہ۔ اس حمد کے شاعر کا نام حافظ محمد حسین کرناٹکی ہے۔

۲۔ نظم کے مطابق درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کریں۔

ا۔ نرالے ب۔ رزاق ج۔ بندگی

د۔ دعا ہ۔ لٹانے

الفاظ سازی

۳۔ ان الفاظ پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

نِرَالے ۔ خَالِق ۔ کَرَم ۔ لُٹَانے ۔ غَفّارُ

۴۔ ان الفاظ کے حروف الگ الگ کریں۔

ا۔غفور: غ ف و ر

۲۔رحمت: ر ح م ت

۳۔سننا: س ن ن ا

۴۔بندگی: ب ن د گ ی

۵۔ ظلمتوں: ظ ل م ت و ں

زبان دانی

۵۔ مترادف الفاظ کو آپس میں ملائیں

| الفاظ | مترادف | الفاظ | مترادف |
| --- | --- | --- | --- |
| نرالا | انوکھا | فلک | آسمان |
| بحر | سمندر | شے | چیز |
| جلوہ | نظارہ | | |

یادرکھیں!

س۔ ہم معنی یا مترادف الفاظ کسے کہتے ہیں؟

ج۔ ایسے الفاظ جن کا مطلب یا معنی ایک ہو ہم معنی یا مترادف الفاظ کہلاتے ہیں۔

۵۔ دیے گئے جملوں میں حروفِ اضافت کا کی کے لگا کر جملے مکمل کریں۔

۱۔ کی ۲۔ کا ۳۔ کا ۴۔ کے ۵۔ کی

لکھائی کی مہارت:

۶۔ جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| جلوہ | ہر چیز میں اللہ کو جلوہ نظر آتا ہے |
| کرم | اے اللہ! مجھ پر کرم فرما۔ |
| زندگی | اللہ تعالیٰ نے ہمیں زندگی دی۔ |
| مالک | اللہ ہمارا مالک ہے۔ |
| رحمت | بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ |

۷۔اس حمد کا مرکزی خیال اپنی کاپی میں لکھیں۔

اس حمد میں اللہ کی شان بیان کی گئی ہے کہ وہ ہی ہمارا خالق و مالک ہے۔ وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

یادرکھیں!

س۔ مرکزی خیال کسے کہتے ہیں؟

ج۔ جس خیال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے شاعر کوئی نظم لکھتا ہے وہ اس نظم کا مرکزی خیال کہلاتا ہے۔

## سبق نمبر۲۔ نعت

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
| --- | --- | --- | --- |
| اعلیٰ | بہت بلند | غمگسار | ہمدرد، غم بٹانے والا |
| تاج دار | بادشاہ، تاج والا | پیغام | زبانی یا تحریر بات جو کسی دوسرے تک پہنچائی جائے۔ |

تفہیم

۱۔ ان سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

الف۔ جس میں نبی پاک کا مقام و مرتبہ اور صفات بیان کی جائے اسے نعت کہتے ہیں۔

ب۔ نبی کریم ﷺ حق کا پیغام لائے۔

ج۔ نبی ﷺ ساری دنیا کی بھلائی کے لیے دنیا میں تشریف لائے۔

د۔ زندگی اور روشنی آپ ﷺ کے دم سے ہے۔

ا۔ نظم کے مطابق مناسب الفاظ لگا کر مصرعے مکمل کریں۔

ا۔ اعلیٰ ۲۔ پیغام ۳۔ رہنمائی ۴۔ دم

۵۔ مدینے

الفاظ سازی

۳۔ ان الفاظ پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

یَتیموں۔ دِین ۔ دَم ۔ رَوشَنی ۔ مدِینے

۴ لفظ کے آخر میں دان لگائیں اور نئے الفاظ بنائیں۔

راشن دان ۔ شمع دان ۔ نمک دان ۔ زبان دان ۔ قلم دان

زبان دانی

۵۔ الفاظ کے حروف کو الگ الگ کر کے لکھیں۔

ا۔ اچھا: ا چھ ا

۲۔ پیغام: پ ی غ ا م

۳۔ مخلوق: م خ ل و ق

۴۔ مدینے: م د ی ن ے

۵۔ یتیموں: ی ت ی م و ں

۶۔ دیئے گئے الاظ کے متضاد لکھیں:

| الفاظ | اچھا | مخلوق | روشنی | زندگی | حق |
|---|---|---|---|---|---|
| متضاد | برا | خالق | اندھیرا | موت | ناحق |

آئیں مزید جانیں:

س۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کس کی تعریف فرمائی ہے؟

ج۔ اللہ نے قرآن مجید میں پیارے نبی ﷺ کی تعریف فرمائی۔

۶۔ ان الفاظ کے جملے لکھیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ذات | ہمارے نبی ﷺ کی ذات سب سے اعلیٰ ہے۔ |

| | |
|---|---|
| حق | ہمیشہ حق بات کرنی چاہئے۔ |
| زندگی | زندگی اللہ کی نعمت ہے۔ |
| روشنی | سورج سے ہم روشنی حاصل کرتے ہیں۔ |
| بھلائی | بھلائی کے کام کرو۔ |

**سبق نمبر ۳:**